© rasailojaraid.com

ہے۔اچھی کاوش ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

## جریدہ: ماہنامہ ’’آبِ حیات‘‘ لاہور

خصوصی اشاعت: ’’سقوطِ بغداد‘‘ مدیرِ اعلیٰ: محمودالرشید حدوٹی

قیمت: ۳۰ روپے ضخامت: ۱۶۰ صفحات ملنے کا پتا: جامعہ اشرفیہ، مسلم ٹاؤن۔لاہور

زیرِ مطالعہ رسالے میں عراق کی حالیہ جنگ کے بارے میں مضامین شامل ہیں۔امریکہ کی طرف سے عراق پر ظلم و ستم کی داستان کو کئی زاویوں سے پیش کیا گیا ہے۔’’سقوطِ بغداد، تاریخ عراق، عراق کی تباہی اور امت کا کردار، عراق کے بعد.....عراق کی کہانی، ارضِ عراق میں خوابیدہ ہستیاں‘‘ جیسے معلومات افزاء مضامین سے پرچہ مزین ہے۔پڑھنے کے قابل ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

## مسافرانِ آخرت

انا للّٰہ وانا الیہ راجعون (ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں)

قبر کے چوکھٹے خالی ہیں‘ انہیں مت بھولو جانے کب کون سی تصویر لگا دی جائے

☆ جماعتِ اسلامی ملتان کے سابق امیر‘ شیخ عبدالمالک مرحوم ☆ جمعیت علمائے اسلام ملتان کے سرپرست‘ حاجی شیخ ہدایت اللہ مرحوم‘ ۵؍جون ☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے معاون‘ ڈاکٹر ریاض حسین مرحوم ۲؍جون ☆ مجلس احرار اسلام ملتان کے رہنما محترم شیخ بشیر احمد کی بھاوج اور محترم شیخ گلزار احمد کی اہلیہ مرحومہ ۱۶؍جون ☆ فیض بخش (قصاب) محلّہ کوٹلہ تولے خان‘ ملتان ۱۸؍جون ☆ چیچہ وطنی میں ہمارے مہربان ابومعاویہ عبدالستار خالد کے چھوٹے بھائی محمد سلیم مرحوم‘ ۲۹؍مئی ☆ چیچہ وطنی کے نوجوان دینی کارکن لیاقت علی معاویہ مرحوم‘ ۲۹؍مئی ☆ امام اعظم ابوحنیفہ اکیڈمی اور جامعہ محمدیہ چیچہ وطنی کے مہتمم مولانا عبدالباقی کی اہلیہ اور ’’احرار ختم نبوت مشن‘‘ برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد کی خالہ زاد بہن‘ ۹؍جون

ادارہ ’’نقیب ختم نبوت‘‘ کے تمام اراکین مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ سب کے درجات بلند فرمائے اور حسنات قبول فرما کر جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔(آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔

## دعائے صحت

☆ بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل بخاری مدظلہا ☆ حضرت حکیم حافظ عبدالرشید صاحب (والدِ ماجد جناب عبداللطیف خالد چیمہ)

☆ مجلس احرار اسلام کراچی کے رہنما محترم شفیع الرحمٰن کے بہنوئی محترم اسرار احمد ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔

☆ مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے جنرل سیکرٹری محترم شیخ مظہر سعید ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہو گئے ہیں

☆ اہلیہ‘ مولانا سلطان محمودؒ (ماہڑہ‘ ضلع مظفر گڑھ) ☆ چودھری اختر علی و بیگم ☆ محمد وسیم ☆ میاں عبدالخالق ☆ محمد امین (ملتان)

اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔(آمین) قارئین سے بھی دعائے صحت کی درخواست کی جاتی ہے۔


© rasailojaraid.com